احوال و کوائف

شفیق فاروقی

دار العلوم کے شب و روز



مولانا مفتی محمود صاحب کی آمد

۱۵ دسمبر ــــ پاکستان قومی اتحاد کے صدر اور جمعیۃ العلماء اسلام کے رہنما مولانا مفتی محمود صاحب تقریباً ۳ ماہ سی ایم ایچ راولپنڈی میں زیر علاج رہنے کے بعد آج شام دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک پہنچے اٹک پل پر مولانا سمیع الحق صاحب نے علاقہ کے معززین کے ساتھ ان کا استقبال کیا مولانا مدظلہ نے یہاں پہنچ کر حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی عیادت کیلئے گھر تشریف لے گئے گھنٹہ بھر ان کے ساتھ رہے، آپ نے رات کا عشائیہ میاں حضران شاہ صاحب کے گھر کھایا جس میں کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی نماز عشاء کے بعد دارالحدیث ہال میں جو طلبہ علماء اساتذہ اور معززین سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ حضرت مفتی صاحب نے اسلامی نظام کے نفاذ کے سلسلہ میں اقدامات اور اسلامی حدود تعزیرات کے موضوع پر ڈیڑھ گھنٹہ تک نہایت عالمانہ خطاب فرمایا۔

۱۶ دسمبر ــــ مولانا مفتی محمود صاحب نے جناب الحاج شیر افضل خان بدرشی رکن دارالعلوم کی عیادت کی اس کے بعد جناب ایڈیٹر الحق بھی آپ کے ساتھ سابق گورنر جناب ارباب سکندر خان خلیل کے ہاں تہکال بالا گئے اور ان کی والدہ مرحومہ کی وفات پر اظہار تعزیت کیا۔ مولانا مفتی محمود صاحب نے خیبر ہسپتال پشاور میں دارالعلوم حقانیہ کے زیر علاج بزرگ استاد مولانا محمد علی صاحب سواتی مدظلہ کی عیادت بھی فرمائی اور کچھ دیر ان کے ساتھ رہے۔ مولانا محمد علی صاحب عارضۂ قلب کی وجہ سے اس ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔

۱۷ دسمبر ــــ ناظم کتب خانہ دارالعلوم مولانا گل رحمان صاحب سفر حج و زیارت سے بخیریت واپس تشریف لائے۔

۲۵ دسمبر ــــ مولانا سمیع الحق صاحب نے پشاور میں مولانا محمد ایوب جان بنوری کے برادر محترم جناب یعقوب جان بادشاہ کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔

۲۹ دسمبر ــــ رکن اسلامی مشاورتی کونسل مولانا محمد تقی عثمانی صاحب دارالعلوم تشریف لائے۔